سوال

(197) عیدین کی نماز مسجد میں پڑھنا جائز ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ عیدین کی نماز مسجد میں پڑھنا جائز ہے یا نہیں اگر نا جائز ہے تو مسجد میں عیدین کی نماز ادا کرنے والے کو بدعتی کہہ سکتے ہیں یا نہیں اور مسجد میں عیدین کی نماز ادا کرنا بدعت ہے یا نہیں اور اگر جائز ہے تو میدان و مسجد میں کیا فرق ہے اور کون افضل ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدین کی نماز بالعذر مسجد میں پڑھنا جائز ہے جیسا کہ حدیث سے ابو داؤد وغیرہ کے معلوم ہوتا ہے کہ بدون عذر کے رسول اللہ ﷺ سے پایا نہیں گیا مسجد میں جو لوگ عیدین کی نماز ادا کرتے ہیں وہ البتہ تارک السنت ہیں بدعتی نہیں کہے جاسکتے کیونکہ ایک بار آنحضرت ﷺ سے بالعذر پایا گیا ہے و نیز حضرت علیؓ نے بوڑھے و ضعیف وغیرہ کے واسطے مسجد میں پڑھنے کی اجازت دی تھی میدان میں پڑھنا سنت ہے جیسا کہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے ۔ لہٰذا میدان میں پڑھنا اولیٰ و افضل ہوگا حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ اگر میدان میں پڑھنا سنت نہ ہوتا تو میں مسجد میں پڑھتا ۔ لولا[1] انہ السنة فضلیت فی المسجد ھکذا فی سبل السلام ۔ واللہ اعلم ، حررہ السید محمد عبدالحفیظ (سید محمد نذیر حسین)

---

[1] اگر میدان میں پڑھنا سنت نہ ہوتا تو میں عید کی نماز مسجد میں پڑھتا ۔

فتاویٰ نذیریہ

جلد01 ص628

محدث فتویٰ